روزانہ کے معمولات

- تسبیحات کا طریقہ
- بارہ تسبیح
- جمعہ کے معمولات
- اصلاح کا طریقہ
- مرشد کے حقوق
- بیعت کی حقیقت
- مختصر اور جامع نصاب

حضرت مولانا مفتی عبد الرؤف سکھروی دامت برکاتہم العالیہ

مکتبۃ الاسلام کراچی

www.sukkurvi.com

روزانہ کے معمولات

اس کتابچہ میں تسبیحاتِ یومیہ اور بارہ تسبیح پڑھنے کا طریقہ، بیعت واصلاح کا مقصد اور مرید کی ذمہ داریاں اختصار کے ساتھ بیان کی گئی ہیں

www.sukkurvi.com

حضرت مولانا مفتی عبدالرؤف سکھروی دامت برکاتہم العالیہ
نائب مفتی: جامعہ دارالعلوم کراچی

مکتبۃ الاسلام کراچی

حُقوقِ طبع محفوظ

باہتمام : شاہد محمود

مطبع : القادِر پرنٹنگ پریس، کراچی

ناشر : مکتبۃ الاسلام کراچی

کورنگی اِنڈسٹریل ایریا، کراچی

فون : 021-35016664-65

موبائل : 0300-8245793

ای میل : maktabatulislam@gmail.com

ویب سائٹ: www.maktabatulislam.com

ملنے کے پتے

- اِدارۃُ المعارِف، دارُالعُلوم کراچی
- دارُالاِشاعت، اُردو بازار، کراچی
- ایچ ایم سعید، پاکستان چوک، کراچی
- مکتبہ زکریّا، بنوری ٹاؤن، کراچی

www.sulkurvi.com

فہرست مضامین

عنوانات **صفحہ نمبر**

عرضِ مرتب ۵

تسبیحات پڑھنے کا طریقہ ۸

ہدایت ۱۲

بارہ تسبیح ۱۵

ہدایت ۱۶

جمعہ کے معمولات ۱۶

اصلاح کا مقصد ۱۹

اصلاح کا طریقہ ۲۰

www.sukkurvi.com

شیخ و مرشد کے حقوق ۲۲
شبہ دور کریں ۳۳
مرشد کے حقوق کا خلاصہ ۳۴
بیعت کی حقیقت ۳۷
مرید کی ذمہ داریاں ۳۸
طریقت میں یہ کام ضروری نہیں ۴۶
اہم ہدایت ۴۹
بالغان کے لئے تفصیلی نصاب ۵۲
نصاب کے مطالعہ کا طریقہ ۵۵
بالغان کے لئے مختصر نصاب ۵۶
بچوں اور بچیوں کا آسان نصاب ۵۹

www.sukkurvi.com

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

عرضِ مرتب

اصلاح وتربیت کے موضوع پر بیان کرتے ہوئے ایک مرتبہ ذکر اللہ کی کچھ اہمیت، فضیلت اور فوائد بیان کئے گئے اور اس کا طریقہ اور نیت بتائی گئی، اور درجہ بتایا گیا، جس سے حاضرین کو بہت فائدہ ہوا۔ بعض احباب نے اس کو لکھ کر دینے کی فرمائش کی، ناچیز نے اس کو تحریر کردیا اور ساتھ ہی اصلاحِ باطن کے سلسلہ میں مزید کچھ ضروری باتیں ذہن میں آئیں وہ بھی تحریر کردیں۔ ان کی پوری تفصیل حکیم

www.sukkurvi.com

فرمائیں، اور ہمیں ان کے فیوض و برکات سے اور ان کے مزاج و مذاق سے مالا مال فرمائیں، آمین۔

ناکارہ عبدالرؤف سکھروی غفرلہ

۱۴۱۶/۴/۲ھ

www.sukkurvi.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تسبیحات پڑھنے کا طریقہ

(۱) پہلے استغفار کی تسبیح پڑھیں اور یہ نیت کریں:

یا اللہ میں آپ کا ایک خطا کار اور سیاہ کار بندہ ہوں، آپ کے سوا کوئی معاف کرنے والا اور بخشنے والا نہیں ہے، لہذا میں آپ سے اپنے تمام گناہوں کی معافی مانگنے کے لئے استغفار کرتا ہوں۔

www.sukkurvi.com

اس کے بعد پوری توجہ سے یہ استغفار کریں:

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّیْ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ وَّ أَتُوْبُ اِلَيْهِ

(۲) اس کے بعد درودِ ابراہیمی کی تسبیح پڑھیں اور یہ نیت کریں:

''یا اللہ! میں رسولِ کریم ﷺ کا ادنیٰ امتی ہوں، آپ ﷺ کے مجھ پر بے شمار احسانات ہیں، آپ ﷺ سے محبت کرنا مجھ پر واجب ہے، لہٰذا آپ ﷺ کا حقِ محبت ادا کرنے اور آپ ﷺ کی محبت اپنے دل میں پیدا کرنے کے لئے درود شریف پڑھتا ہوں۔''

www.sukkurvi.com

اس کے بعد توجہ سے اس طرح درود شریف پڑھیں کہ تسبیح کے ایک دانہ پر ''اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ'' سے ''اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ'' تک پڑھیں، اور دوسرے دانہ پر ''اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ'' سے ''اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ'' تک پڑھیں، اس طرح پڑھنا آسان ہے، یا یہ درود:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ
الْاُمِّیِّ وَ عَلٰی آلِہٖ وَ اَصْحَابِہٖ
وَ بَارِکْ وَ سَلِّمْ

پڑھیں

www.sukkurvi.com

۳ اس کے بعد درج ذیل کلمہ کی تسبیح پڑھیں اور نیت کریں:

یا اللہ! آپ کے مجھ پر بڑے احسانات ہیں اور میں آپ کی بے شمار عطا کردہ نعمتوں میں غرق ہوں، ان کا شکر ادا کرنا اور آپ سے کامل محبت رکھنا مجھ پر لازم ہے، لہذا آپ کی محبت پیدا ہونے کے لئے یہ تسبیح پڑھتا ہوں۔

اس کے بعد توجہ سے یہ کلمات کہیں:

سُبْحَانَ اللهِ وَ بِحَمْدِهِ

سُبْحَانَ اللهِ الْعَظِيمِ

۴ اس کے بعد تیسرے کلمہ کی تسبیح مذکورہ بالا نیت سے

www.sukkurvi.com

پڑھیں اور درج ذیل طریقہ سے پڑھنا زیادہ آسان ہے:

(الف) ایک تسبیح سُبْحَانَ اللّٰهِ کی پڑھیں

(ب) ایک تسبیح اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ کی پڑھیں

(ج) ایک تسبیح لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کی پڑھیں

(د) ایک تسبیح اَللّٰهُ اَکْبَرُ کی پڑھیں

(ہ) ایک تسبیح لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ کی پڑھیں

ہدایت

مذکورہ تسبیحات سو سو مرتبہ روزانہ صبح اور شام پڑھا کریں، ورنہ صبح یا شام پڑھیں، اور سو سو مرتبہ پڑھنا مشکل

www.sukkurvi.com

ہو تو ۳۳، ۳۳ مرتبہ پڑھ لیا کریں، لیکن مذکورہ بالا طریقہ سے توجہ کے ساتھ پڑھیں، اور پابندی سے پڑھیں۔

(۵) ہر وقت چلتے پھرتے اور لیٹے بیٹھے کثرت سے لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ پڑھیں اور کبھی کبھی اس کے ساتھ محمد رسول اللہ (ﷺ) بھی ملا لیا کریں۔

(۶) روزانہ قرآنِ کریم کا ایک یا آدھا پارہ، یا ایک پاؤ پارہ کی تلاوت کریں۔

(۷) روزانہ مناجاتِ مقبول کی ایک منزل یا آدھی منزل پڑھ لیا کریں۔

(۸) روزانہ اشراق و چاشت کی کم از کم دو رکعت اور اوابین کی چھ رکعات اور قیام اللیل کی چار

www.sukkurvi.com

رکعات پڑھیں، اور تہجد کی کم از کم دو رکعت ورنہ چار رکعات نفل پڑھیں اور تحیۃ المسجد اور تحیۃ الوضو کا اہتمام رکھیں۔

(۹) روزانہ صبح ایک مرتبہ سورۂ یٰسین پڑھ لیا کریں، اور رات کو سوتے وقت سورۂ ”تَبَارَکَ الَّذِیْ“ اور چاروں قل تین تین مرتبہ پڑھ لیا کریں، اور نمازِ فجر کے بعد بھی۔

(۱۰) روزانہ اپنی اصلاح کی نیت سے کسی بھی وقت دس منٹ حضرت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ کے مواعظ یا ملفوظات میں سے جو بھی دستیاب ہوں، ان کا مطالعہ کیا کریں۔

www.sukkurvi.com

(۱۱) عقائد، عبادات، معاملات، معاشرت اور اخلاق کے بارے میں بقدرِ ضرورت دین کا علم حاصل کریں اور اس کے مطابق عمل کریں، اس مقصد کے لئے آگے صفحہ نمبر ۵۲ پر ایک جامع نصاب لکھا گیا ہے، اس کا مطالعہ کریں۔

www.sukkurvi.com

بارہ تسبیح

اول وآخر ۳،۳ مرتبہ درود شریف پڑھیں، اور نیت کریں اور دعا کریں: ''یا اللہ! میرے دل میں اپنی محبت پیدا فرما اور اپنے ماسوا کی محبت سے میرا دل پاک فرما، آمین۔

پھر درج ذیل تسبیحات تہجد کے وقت (یہ سب سے افضل وقت ہے یا سورج نکلنے سے پہلے ورنہ دن میں کسی وقت روزانہ پڑھ لیا کریں:

www.sukkurvi.com

۲۰۰	مرتبہ	لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہُ	پڑھیں
۴۰۰	مرتبہ	اِلَّا اللہُ	پڑھیں
۶۰۰	مرتبہ	اَللہُ اَللہُ	پڑھیں
۱۰۰	مرتبہ	اَللہُ اَللہُ	پڑھیں

ہدایت

مذکورہ تسبیحات پڑھنے کے دوران یہ دھیان رکھیں کہ اللہ تعالیٰ کے ماسوا کو دل سے نکال رہا ہوں اور اللہ پاک کو دل میں بسا رہا ہوں۔

www.sukkurvi.com

جمعہ کے معمولات

روزانہ کے معمولات کے ساتھ جمعہ کے دن ان معمولات کی پابندی بڑی باعثِ اجروثواب ہے۔

(۱) کم از کم تین سو مرتبہ درود شریف پڑھیں، اگر درودِ ابراہیمی ہو تو بہتر ہے ورنہ یہ درود شریف بھی اچھا ہے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ

وَ عَلٰی آلِہٖ وَسَلِّمْ تَسْلِیْمًا

(۲) سورۂ کہف پڑھیں۔

(۳) صلوٰۃ التسبیح پڑھیں

(۴) جمعہ کی جس قدر سنتیں اور آداب ہیں ان کو بجا لائیں مثلاً سر کے بال سنت کے مطابق بنوانا، ناخن کترنا، بغلوں اور زیرِناف بال کاٹنا، مونچھیں کترنا، سنت کے مطابق اچھی طرح غسل کرنا، تیل لگانا، موجودہ کپڑوں میں سب سے اچھے کپڑے پہننا، خوشبو لگانا، مسواک کرنا، جامع مسجد میں بہت جلدی جانا اور کسی کو

www.sukkurvi.com

تکلیف دیئے بغیر ممکن ہو تو صف اول میں بیٹھنا وغیرہ۔

⑤ جس جگہ نمازِ عصر ادا کی ہو اسی جگہ اٹھنے سے پہلے اسی (۸۰) مرتبہ یہ درود شریف پڑھیں:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَ عَلٰی آلِہٖ وَ سَلِّمْ تَسْلِیْمًا

⑥ جمعہ کے دن غروب سے کچھ دیر پہلے دعا میں مشغول ہوں اور غروب تک مشغول رہیں، کیونکہ یہ دعا کی قبولیت کا خاص وقت ہے۔

www.sukkurvi.com

اصلاح کا مقصد

ہر مسلمان مرد و عورت پر اپنے ظاہر و باطن کی اصلاح فرضِ عین ہے، اور اصلاح کا مقصد اور مطلب یہ ہے کہ شریعت کے تمام ظاہری احکام بھی بجالائیں جیسے نماز، روزہ، حج، زکوٰۃ، حلال کمائیں، ماں، باپ، بیوی، بچوں کے حقوق ادا کریں، اور تمام گناہوں سے بچیں اور ساتھ ساتھ اپنے اندر اچھے اخلاق پیدا کریں مثلاً اخلاص، تواضع، صبر، شکر، زہد، رضا، تفویض، توکل، تقویٰ اور خوف و رجا وغیرہ، اور برے اخلاق دور کریں مثلاً کبر، نخوت، عجب، خود بینی، خود رائی، حسد، بغض، کینہ، حبِّ جاہ، حبِّ

www.sukkurvi.com

مال اور حبِّ دنیا وغیرہ۔

اصل فکر اور اصل توجہ امورِ بالا کی طرف رکھیں، جو تسبیحات اور معمولات بتائے گئے ہیں وہ نفل کے درجہ میں ہیں جو اصلاح کے مقصودِ بالا میں معاون کی حیثیت رکھتے ہیں، لہذا صرف اور صرف تسبیحات پڑھنے کو اصلاح کا اصل مقصد نہ سمجھیں، اور اصلاح کی بیان کردہ حقیقت کو کبھی فراموش نہ کریں۔

www.sukkurvi.com

اصلاح کا طریقہ

ظاہر و باطن کی اصلاح کا طریقہ یہ ہے کہ شریعت کی پابندی کرنے والے اور سنتوں پر عمل کرنے والے کسی اللہ

والے شخص سے جو کسی کا اجازت یافتہ ہو اور اس کے پاس بیٹھنے سے آخرت کی فکر بڑھتی ہو اور دنیا کی محبت کم ہوتی ہو اور آپ کو اس سے مناسبت ہو، اس سے اپنا اصلاحی رابطہ قائم کریں، اور اس سے مناسبت کا مطلب یہ ہے کہ اس کی سب باتیں آپ کو پسند آئیں، اس کے کسی قول و فعل پر دل میں اعتراض پیدا نہ ہو، اور اس کو بھی آپ سے محبت ہو، نفس کی اصلاح میں یہ مناسبت بے حد ضروری ہے، اس کے بغیر کام نہیں چلتا۔

جب کوئی ایسا ہم مزاج اللہ والا مل جائے اس کو بے حد غنیمت سمجھیں اور اپنا کوئی بھی حال ہو، اچھا ہو یا بُرا، اس سے بالکل نہ چھپائیں، زبانی لکھ کر اس کی خدمت میں پیش

www.sukkurvi.com

کریں اور جو کچھ وہ تعلیم دے اس پر دل و جان سے عمل کریں اور زندگی بھر یہی کرتے رہیں، کبھی کبھی اس کی خدمت میں بیٹھا کریں اور اپنے حق میں اپنے شیخ کو سب سے بہتر سمجھیں، اس کا خوب ادب کریں اور اس کے حقوق ادا کرنے کا اہتمام کریں، شیخ کے حقوق حضرت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے رسالہ ''فروع الایمان'' میں تفصیل سے بیان فرمائے ہیں، یہاں ان کا خلاصہ قدرے اضافہ کے ساتھ یہ ہے:

شیخ و مرشد کے حقوق

ظاہر و باطن کی اصلاح و درستی اور اللہ تعالیٰ کا صحیح

www.sukkurvi.com

تعلق نصیب ہونے کے لئے ظاہراً شیخ ہی ذریعہ اور واسطہ بنتا ہے، اس لئے اس کا شکر گزار ہونا اور دل و جان سے قدرداں ہونا اور ہمیشہ اس کا احسان مند رہنا ضروری ہے، آج کل اس میں بڑی غفلت اور کوتاہی پائی جاتی ہے جس کی وجہ سے بعض مرتبہ مرید کی نہ اصلاح ہوتی ہے اور نہ تعلق مع اللہ نصیب ہوتا ہے، لہذا اس کے حقوق جاننے اور ادا کرنے کی ضرورت ہے تاکہ باطنی نفع پوری طرح حاصل ہو۔

❁ جب کبھی شیخ کی خدمت میں حاضر ہوں تو مسواک کرکے، صاف وستھرے کپڑے پہن کر حاضر ہوں، گندہ منہ، گندہ جسم اور میلے کچیلے کپڑوں میں حاضر نہ ہوں۔

www.sukkurvi.com

ملاقات پر سلام عرض کریں، اگر موقع ہو تو مصافحہ کریں، اور مزاج پرسی کریں، اگر وہ کسی سے محوِ گفتگو ہو یا اس کے ہاتھ کسی کام میں مشغول ہوں تو صرف سلام عرض کریں، مصافحہ وغیرہ نہ کریں اور اگر وعظ کہہ رہا ہو تو سلام بھی نہ کریں۔

شیخ کے ساتھ ادب سے پیش آئیں، اس پر احترام و تعظیم سے نظر ڈالیں، اس کی موجودگی میں ہمہ تن اس کی طرف متوجہ رہیں، اس کے روبرو کسی دوسرے سے بلا ضرورت بات نہ کریں، ہاں اگر اس کی طرف سے اجازت ہو تو بقدرِ ضرورت گفتگو میں کوئی مضائقہ نہیں، لیکن اس کے سامنے کسی دوسرے سے بھی بلند آواز سے بات نہ

www.sukkurvi.com

کریں۔

❁ جب مرشد سے بات کریں تو مختصر بات کریں لیکن خوب صاف اور واضح بات کریں، گول مول بات نہ کریں، نہ شیخ کی آواز سے اپنی آواز بلند کریں اور نہ اتنی آہستہ بات کریں کہ سمجھ میں نہ آئے، اس کا خاص خیال رکھیں، اکثر مرید اس میں کوتاہی کرتے ہیں، اور نہایت توجہ سے مرشد کے جواب کا انتظار کریں، اس کی گفتگو کے دوران ہرگز اس کی بات نہ کاٹیں، اس سے بہت ہی پرہیز کریں، اور جو کچھ وہ بتلائے اس کو خوب توجہ سے سنیں اور خوب یاد رکھیں، اگر کوئی بات سمجھ میں نہ آئے تو اس کو اپنا قصور سمجھیں اور اس کے روبرو کسی اور کی کوئی مخالف بات

www.sukkurvi.com

ذکر کرنے سے مکمل احتیاط کریں۔

❁ اگر کبھی شیخ کی کسی بات میں حق معلوم نہ ہو اور مرید کی بات حق پر مبنی ہو تب بھی شیخ کی بات کو رد نہ کریں، بلکہ یہ سمجھیں کہ شیخ کی خطا میرے صواب سے بہتر ہے، البتہ جہاں اس میں کوئی شرعی مفسدہ ہو تو ادب کے ساتھ اس کی حقیقت بیان کرنے میں کوئی مضائقہ نہیں لیکن شیخ کی گستاخی اور بے ادبی ہرگز نہ کریں۔

❁ مرشد کے ہر طرح فرمانبردار اور تابعدار رہیں اور جان اور مال دونوں سے اس کی خوب خدمت کریں، تاکہ زیادہ سے زیادہ محبت ہو کیونکہ محبت شیخ کے بغیر کچھ حاصل نہیں ہوتا اور دل و جان سے خدمت کرنا ہی محبت

www.sukkurvi.com

کی پہچان ہے، البتہ اس میں شیخ کے مزاج و مذاق کو سمجھنا اور پیشِ نظر رکھنا بے حد ضروری ہے جو اس کے پاس آنے جانے اور ملنے جلنے سے اور جو اس کے زیادہ قریب رہتے ہیں ان سے دریافت کرنے پر معلوم ہو جاتا ہے، خدمت کرنے میں اس کو ملحوظ رکھیں۔

❁ مرشد جو کچھ کہے اس کو فوراً بجالائیں اور وہ جو کچھ کہے یا کرے اس پر اعتراض نہ کریں، اگر آپ ایسا کریں گے یا دل دل میں اعتراض کریں گے تو آپ کو اس سے کوئی فیض نہ ہوگا اور نہ اصلاح ہوگی، اگر خود بخود دل میں اعتراض پیدا ہو اور خدانخواستہ ایسا بار بار ہو تو سمجھ لیں کہ آپ کو اس شیخ سے مناسبت نہیں ہے لہذا کسی اور سے

www.sukkurvi.com

تعلق قائم کریں۔

❀ مرشد کی موجودگی میں دل وجان سے اسی کی طرف متوجہ رہیں یہاں تک کہ سوائے فرائض وواجبات اور سنتوں کے، نفل نماز اور کوئی وظیفہ بھی اس کی بلا اجازت نہ پڑھیں۔

❀ جو اوراد و وظائف مرشد تعلیم کرے ان کو پڑھیں اور تمام وظیفے چھوڑ دیں خواہ اپنی طرف سے پڑھنا شروع کیے ہوں یا کسی دوسرے نے بتائے ہوں، البتہ مرشد کو ان کی تفصیل بتادیں پھر اگر وہ باقی رکھے تو جاری رکھیں، منع کردے تو چھوڑ دیں۔

❀ مرشد سے زیادہ سوالات نہ کریں، اور بے

www.sukkurvi.com

وقت اور بے موقع بات نہ کریں۔

❁ حتی الامکان ایسی جگہ کھڑے نہ ہوں کہ آپ کا سایہ مرشد کے سایہ پر یا اس کے کپڑوں پر پڑے اور اس کے مصلّے پر پیر نہ رکھیں اور جس جگہ مرشد بیٹھا ہو اس کی طرف پیر نہ پھیلائیں، اگر چہ مرشد سامنے نہ ہو، اور اس کی طرف تھوکیں بھی نہیں۔

❁ مرشد کے برتنوں کو استعمال میں نہ لائیں، اس کے سامنے کھانا نہ کھائیں، نہ پانی پئیں، اور نہ وضو کریں، ہاں اجازت کے بعد مضائقہ نہیں۔

❁ مرشد کے ہر دم نہ چپکے رہیں، بلکہ اس سے کبھی کبھی ملا کریں، ہاں اس کی اجازت کے بعد یا اس کی

www.sukkurvi.com

ضرورت سے ساتھ رہنا ہو تو کچھ حرج نہیں۔

❁ مرشد سے کسی کشف و کرامت اور الہام وغیرہ کی خواہش نہ کریں، کیونکہ مرشد ہونے کے لئے یہ چیزیں لازمی اور ضروری نہیں ہیں اور نہ یہ طریقت کا مقصود ہیں۔

❁ اگر کوئی شبہ دل میں گزرے تو فوراً شیخ سے عرض کردیں، اگر وہ شبہ حل نہ ہو تو اپنی فہم کا قصور سمجھیں، اگر مرشد اس کا کوئی جواب نہ دے تو جان لیں کہ میں اس کے جواب کے لائق نہیں ہوں۔

❁ خوابوں کی فکر میں بالکل نہ پڑیں، اگر کبھی بہت ہی خاص خواب نظر آئے تو شیخ سے عرض کردیں، اور

www.sukkurvi.com

اگر اس کی کچھ تعبیر بھی ذہن میں آئے تو اسے بھی عرض کر دیں لیکن شیخ سے تعبیر خواب پر اصرار نہ کریں، خود بتادے تو خیر ورنہ خاموش رہیں۔

❁ شیخ کے ساتھ سفر میں یا کسی اور جگہ جانا ہو تو پہلے شیخ سے اس کی اجازت لیں اور پھر اس کی بلا اجازت اور بلا ضرورت اس سے جدا نہ ہوں اور سفر میں اپنے قیام و طعام کا خود انتظام کریں، البتہ شیخ خود ہی اپنے ہمراہ قیام و طعام میں شامل رکھے تو اس کی اجازت کے بعد اس کے ساتھ رہنے میں مضائقہ نہیں۔

❁ کسی دوسرے شہر یا کسی دور کے فاصلہ سے شیخ کی خدمت میں حاضر ہوں تو اپنے قیام و طعام کا خود

www.sukkurvi.com

انتظام کریں، شیخ پر یہ بوجھ نہ ڈالیں، نیز بے وقت آنے اور بے موقع ملنے اور فون کرنے سے بہت ہی پرہیز کریں، اس میں بعض مرید بہت ہی کوتاہی کرتے ہیں۔

❁ جب شیخ کسی کام میں لگا ہوا ہو یا رنجیدہ اور غمگین ہو یا کھانے پینے کا تقاضا ہو یا اونگھ رہا ہو یا کوئی عذر ہو مثلاً تھکان ہو ایسے وقت اس سے نہ ملیں، ہاں اس کی اجازت سے ملنے جلنے اور خدمت کرنے میں مضائقہ نہیں۔

❁ اپنا جو حال بھی ہو، اچھا ہو یا برا، مرشد سے عرض کردیں کیونکہ مرشد طبیبِ روحانی ہے، اطلاع کے بعد وہ اصلاح کرے گا، مرشد کے کشف پر اعتماد کرکے خاموش نہ رہیں، اس کے بعد جو کچھ وہ تعلیم دے دل و جان سے،

www.sukkurvi.com

ہمت کے ساتھ اس پر عمل کریں، اور عمل کرنے کے بعد کی صورتحال سے بھی شیخ کو باخبر رکھیں اور خط وکتابت کا سلسلہ برابر جاری رکھیں، اس میں غفلت اور سستی نہ کریں، خود نہ لکھ سکیں تو کسی دوسرے سے حال لکھوا کر بھیجیں، آج کل اس میں کوتاہی عام پائی جاتی ہے، اس لئے عرصہ دراز تک تعلق ہونے کے باوجود اصلاح نہیں ہوتی، بلکہ اکثر مرید شیخ کی مجلس عام میں شرکت ہی کو اصلاح کے لئے کافی سمجھتے ہیں، یہ درست نہیں، شیخ کی مجلس عام مفید اور معاون ضرور ہے مگر کافی نہیں ہے، کیونکہ ہر شخص کا ذاتی حال دوسرے سے جدا ہوتا ہے، جب تک وہ اپنا خصوصی حال شیخ کو بتا کر اصلاح نہ لے گا اس کے ذاتی اور قلبی حال درست نہیں

www.sukkurvi.com

ہوں گے، اس لئے خصوصی رابطہ بہرحال ضروری اور لازمی ہے۔

❁ جو کچھ ظاہری اور باطنی نفع مرید کو محسوس ہو اسے مرشد کا طفیل سمجھیں اگرچہ خواب میں یا مراقبہ میں دیکھیں یا ظاہراً کسی دوسرے بزرگ سے ملے تب بھی یہی سمجھیں۔

www.sukkurvi.com

شبہ دور کریں

شیخ کے مذکورہ حقوق پڑھنے کے بعد شاید کسی کے دل میں یہ شبہ پیدا ہو کہ شیخ کے بہت زیادہ حقوق ہیں، ان تمام حقوق کو ادا کرنا بڑا مشکل کام ہے لہٰذا یہ سوچ کر وہ

اصلاح کا ارادہ ہی ملتوی کردے تو واضح رہے یہ بھی نفس و شیطان کا محض دھوکہ ہے جو اس بہانہ سے آپ کو اپنی اصلاح کے فریضہ سے غافل کرنا چاہتا ہے، آپ ہرگز اس دھوکہ میں نہ آئیں کیونکہ دل میں اگر ذرا بھی اپنی اصلاح کی فکر ہو اور اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل کرنے کی دھن ہو اور اخلاص ہو تو یہ حقوق کیا ان سے زیادہ بھی حقوق ہوں تو انہیں ادا کرنا کوئی مشکل نہیں کیونکہ دو نہیں، دو چار نہیں ہزاروں طالبوں نے اپنے مشائخ کے یہ حقوق ادا کئے ہیں اور تعلق مع اللہ کی دولت سے مشرّف ہوئے ہیں، بہرحال ہمت کرنے کے بعد اللہ پاک آسان کردیتے ہیں۔

www.sukkurvi.com

مرشد کے حقوق کا خلاصہ

شیخ کے مذکورہ حقوق کا خلاصہ بہت مختصر ہے جس کو پیشِ نظر رکھنے سے حقوق ادا کرنے میں آسانی ہو جاتی ہے اور وہ یہ ہے کہ اپنی طرف سے جہاں تک ممکن ہو شیخ کو راحت پہنچائیں، اس کو خوش رکھیں اور کوئی تکلیف نہ پہنچنے دیں اور شیخ کے دل کو مکدر نہ ہونے دیں، ورنہ فیضِ باطنی بند ہو جائے گا، اگر کبھی شیخ کی گستاخی ہو جائے یا اس کو تکلیف پہنچ جائے ہو بلا تاخیر اور بلا تاویل اس سے معافی مانگیں۔

شیخ کا ادب واحترام کرنے اور اس کے حقوق ادا

www.sukkurvi.com

کرنے کے سلسلہ میں اس کے مزاج و مذاق کو ضرور سمجھیں، یہ بہت اہم بات ہے، جس کا طریقہ یہ ہے کہ اس کی پسندیدہ اور ناپسندیدہ باتیں معلوم کریں، جو باتیں شیخ کو پسند ہوں انہیں اختیار کریں، جو باتیں اس کو ناپسند ہوں انہیں چھوڑ دیں اور یہ باتیں اس کے آنے جانے اور اس کے پاس بیٹھنے سے معلوم ہو جاتی ہیں۔

www.sukkurvi.com

بیعت کی حقیقت

دینی زبان میں اصلاح چاہنے والے کو مرید کہتے ہیں، اور اصلاح کرنے والے کو شیخ اور مرشد کہتے ہیں، اور جب مرید اور شیخ یہ معاہدہ کریں کہ شیخ شریعت کے مطابق راہنمائی کرے گا اور مرید بے چوں و چرا اس کی تابعداری کرے گا، اس کو بیعت ہونا کہتے ہیں، ہاتھ میں ہاتھ دینے سے یہ معاہدہ قوی ہو جاتا ہے، اور مرید میں اصلاح کی فکر بڑھ جاتی ہے، لیکن یہ معاہدہ کرنا مستحب ہے، اصل چیز ظاہر و باطن کی اصلاح ہے، جو فرض ہے اور یہ

www.sukkurvi.com

بیعت کے بغیر بھی ہوسکتی ہے، اس لئے اصلاح تو فوراً شروع کردینی چاہئے، پھر جب شیخ سے مناسبت ہوجائے اور شیخ بھی راضی ہو تو بیعت کا عمل بھی کرلینا چاہئے۔

مرید کی ذمہ داریاں

بیعت ہونے یا اصلاح قائم کرنے کے بعد یہ کام کرنے ہوں گے مثلاً:

- بالغ ہونے سے لے کر اب تک جتنے بھی چھوٹے بڑے گناہ کئے ہیں ان سے سچی توبہ اور آئندہ تمام گناہوں سے بچنے کا عہد کریں۔
- اب تک جتنی نمازیں قضاء ہوئی ہیں، انہیں

www.sukkurvi.com

ادا کریں، جتنے روزے قضا ہوئے ہیں انہیں رکھیں، زکوٰۃ نہ دی ہو تو زکوٰۃ ادا کریں، فطرہ اور قربانی واجب ہو اور ادا نہ کی ہو تو مسئلہ پوچھ کر اس کو ادا کریں، حج فرض ہو اور ادا نہ کیا ہو اس کو ادا کریں، کوئی منت مانی ہو اور پورا کرنا واجب ہو گیا ہو اس کو ادا کریں، آئندہ تمام فرائض و واجبات کی پابندی کریں، اور نماز باجماعت کی عادت ڈالیں۔

❁ والدین، بیوی، بچوں اور دیگر اہلِ حقوق کے حقوق ادا کریں، اور اب تک اس میں جو کوتاہی ہوئی ہو اس کی معافی و تلافی کریں، اگر اس کا طریقہ معلوم نہ ہو تو معلوم کر کے عمل کریں، اور آئندہ بندوں کے حقوق ادا کرنے کا خاص خیال رکھیں، اور جہاں تک ممکن ہو اپنی

www.sukkurvi.com

ذات سے ناحق کسی کو تکلیف نہ پہنچنے دیں، اس کا ہر وقت، ہر جگہ بہت ہی خیال رکھیں۔

❁ اپنے گھر والوں کو بھی شریعت کا پابند بنائیں، انہیں بھی دین کے احکام بتاتے رہیں اور بزرگوں کی مجالس میں لے جاتے رہیں، خود بھی نیک بنیں، اور انہیں بھی نیک بنانے کی کوشش کریں اور دعا بھی کرتے رہیں۔

یہ کام چھوڑنے کے ہوں گے، مثلاً:

❁ ڈاڑھی نہ منڈائیں، اگر ڈاڑھی ایک مشت سے کم ہو تو اس کو نہ کترائیں، ہاں جب ایک مشت سے بڑھ جائے تو ایک مشت سے زیادہ ڈاڑھی کو کتروا دینا سنت ہے، بڑی بڑی مونچھیں نہ رکھیں، انگریزی بال نہ رکھیں،

www.sukkurvi.com

انگریزی طرز کا لباس استعمال نہ کریں، شلوار یا تہبند وغیرہ ٹخنوں سے نیچے نہ رکھیں، مرد سونے کی انگوٹھی یا گلے کی زنجیر یا کوئی لاکٹ نہ پہنے یا چاندی کی انگوٹھی 4 1/2 ماشہ چاندی کے وزن سے زیادہ وزن کی نہ پہنیں۔

❁ خالص ریشم کا کپڑا مرد استعمال کرنے سے پرہیز کریں، البتہ مصنوعی ریشم کا استعمال کرنا درست ہے۔

❁ کسی بے ریش لڑکے یا کسی نامحرم عورت کی طرف قصداً بری نگاہ سے نہ دیکھیں، نہ بری نیت سے بولیں، نہ پاس بیٹھیں، نہ اس کے جسم کو چھوئیں اور نہ میل جول رکھیں، اس طرح نامحرم مرد وعورت ایک دوسرے کے پاس نہ بیٹھیں۔

www.sukkurvi.com

کسی مرد یا عورت کا ناچ نہ دیکھیں اور نہ خود ناچیں، نہ گانا سنیں اور نہ سنائیں، ٹی وی، وی سی آر، اور ڈش انٹینا کے ذریعہ فحش پروگرام اور فلمیں وغیرہ نہ دیکھیں، ناولیں نہ پڑھیں اور ناجائز مضامین پر مشتمل تمام مروجہ رسائل اور ڈائجسٹ نہ پڑھیں، اخبار کی فضول خبریں اور لایعنی مضامین نہ پڑھیں۔

شادی بیاہ کے موقع پر رائج الوقت تمام حرام و ناجائز کاموں اور رسموں سے بچیں مثلاً تصویر کشی، گانے اور موسیقی کا اہتمام، مردوں اور عورتوں کے اختلاط سے بچیں، جس تقریب میں یہ گناہ ہوں اس میں شرکت نہ کریں، کھڑے ہو کر کھانا کھانے سے بچیں، نیوتہ اور سلامی

www.sukkurvi.com

سے اجتناب کریں۔

❁ انتقال کے وقت کی تمام حرام و ناجائز رسموں سے بچیں مثلاً فاتحہ، تیجہ اور چالیسواں کرنے سے بچیں، ایصالِ ثواب کے لئے مروّجہ اجتماعی قرآن خوانی سے بچیں۔

❁ مرنے والے کی شریعت کے مطابق میراث تقسیم کریں، اور مرنے والے کی بیوی، بیٹی، ماں اور بہن کو ان کا شرعی حصہ پورا پورا دیں، اور بیوہ سے زبردستی مہر معاف نہ کرائیں۔

❁ خواتین شرعی پردہ کا پورا اہتمام کریں مثلاً دیور، جیٹھ، خالہ زاد بھائی، ماموں زاد بھائی، تایا و چچا

www.sukkurvi.com

زاد بھائی وغیرہ سے پردہ کریں، اسی طرح دیگر نامحرم مردوں سے بے پردہ ملاقات نہ کریں اور شدید مجبوری میں بھی بے پردہ ملازمت نہ کریں، البتہ شدید مجبوری میں شرعی پردہ کے ساتھ ملازمت کی گنجائش ہے۔

❁ خواتین غیر شرعی لباس نہ پہنیں مثلاً اتنا چست لباس استعمال کرنا جس میں اعضاء کی ساخت نمایاں ہو یا اتنا باریک لباس ہو جس سے جسم جھلکتا نظر آئے جائز نہیں، سر کے بال مردوں کے مشابہ نہ بنوائیں، بھنویں نہ تراشیں، شلوار ٹخنے سے اوپر نہ رکھیں، لباس و پوشاک میں غیر مسلموں کی وضع اختیار نہ کریں۔

❁ تجارت، زراعت اور ملازمت شریعت کے

www.sukkurvi.com

احکام کے مطابق جائز طریقہ سے کریں، حرام و ناجائز طریقوں سے پرہیز کریں، بنک یا انشورنس کی ملازمت نہ کریں، رشوت نہ لیں، سود کا لین دین نہ کریں، پیداوار کا باقاعدہ عشر ادا کریں، ملازمت میں کام یا وقت پورا کریں، اس میں چوری نہ کریں، گیس و بجلی وغیرہ کی چوری نہ کریں، کم تولنے، کم ناپنے، ملاوٹ کرنے، دھوکہ دینے سے بچیں، جھوٹ بولنے سے بچیں، اور اس طرح کے جتنے حرام و ناجائز کام ہیں اور جتنے بھی گناہ رائج ہو چکے ہیں ان سب سے بچیں، تفصیلات کے لئے سیدی حضرتِ والا رحمۃ اللہ علیہ کا رسالہ ''گناہِ بے لذّت'' کا مطالعہ کریں جو مکتبہ دارالعلوم کراچی سے منگوایا جاسکتا ہے۔

www.sukkurvi.com

❁ جب کوئی گناہ ہو جائے فوراً توبہ کریں اور توبہ کرنے میں دیر نہ لگائیں اور حق تعالیٰ سے گناہوں سے بچنے کی دعا بھی کرتے رہیں، اور سب مسلمانوں کو اپنے سے افضل سمجھیں اور اپنے کو سب سے حقیر سمجھیں، جو کچھ عطا ہو محض حق تعالیٰ کا فضل اور مرشد کا فیض سمجھیں اور شکر کریں، اپنا کمال ہرگز نہ سمجھیں۔

❁ برے دوستوں اور برے لوگوں کی صحبت سے بچیں، دین سے آزاد اور آوارہ لوگوں سے نہ ملیں، کسی باطل اور گمراہ فرقہ کے لوگوں سے نہ ملیں، نہ ان سے بحث کریں، نیز غیبت کرنے سننے سے بھی بچیں، کسی اور بزرگ کی مجلس میں اپنے شیخ کی بلا اجازت شرکت نہ کریں۔

www.sukkurvi.com

طریقت میں یہ کام ضروری نہیں

اصلاح و تربیت کا مقصود شریعت کی مکمل پاسداری ہے اور اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل کرنا ہے، بعض لوگ پیری و مریدی کا مقصد کچھ اور سمجھتے ہیں جو درست نہیں، ایسی چند باتوں کی طرف بھی متوجہ کیا جاتا ہے:

- مرید یا شیخ کے لئے کشف و کرامت اور الہام کچھ ضروری نہیں۔
- شیخ کی ذمہ داری نہیں کہ وہ قیامت کے دن مرید کو ضرور بخشوائے گا۔
- مرید ہونے کا یہ مقصد نہیں کہ جب مرید کا

www.sukkurvi.com

کوئی دنیاوی کام اٹکے گا تو پیر تعویذ گنڈہ کرکے کام بنا دے گا یا ایسا وظیفہ بتائے گا کہ مرید مقدمہ جیت جائے گا یا اس کا روزگار چمک جائے گا، اور معاشی تنگی دور ہو جائے گی۔

❁ پیر کی توجہ میں ایسی تاثیر ضروری نہیں کہ مرید کی خود بخود اصلاح ہو جائے اور مرید کو کچھ کرنا نہ پڑے، بلکہ مرشد صرف راہنمائی کرے گا، عمل مرید ہی کو کرنا ہوگا، اور یہ بھی ضروری نہیں کہ مرید کو وساوس و خیالات آنے بالکل بند ہو جائیں، اور ہر دم اس پر شوق و ذوق کا غلبہ رہے اور اس پر بے خودی کی کیفیت طاری رہے۔

❁ ذکر و عبادت کرنے سے کوئی نور یا آواز سنائی دینا ضروری نہیں۔

www.sukkurvi.com

❁ اچھے اچھے خواب آنا بالکل ضروری نہیں، لہذا خوابوں کی طرف توجہ نہ دیں بلکہ اپنی بیداری کی حالت کو سنوارنے اور شریعت کے مطابق ڈھالنے کی فکر کریں۔

❁ عبادت وطاعت میں ایسی سہولت ضروری نہیں کہ احکام بجالانے میں ذرا بھی دشواری نہ ہو بلکہ اصلاح کے لئے یہ جذبہ ضروری ہے کہ خواہ دل لگے یا نہ لگے، ماحول موافق ہو یا مخالف، کوئی اچھا کہے یا برا، ہر حال میں اللہ تعالیٰ کا حکم بجا لاؤں گا۔

www.sukkurvi.com

اہم ہدایت

ظاہر و باطن کی اصلاح کے لئے دین کا ضروری علم

حاصل کرنا بھی فرض ہے خواہ کسی عالم دین سے زبانی پوچھ کر، یا بہشتی زیور مع بہشتی گوہر، تحفۂ خواتین، تعلیم الاسلام مکمل اور اصلاحی نصاب کا مطالعہ کرکے، بہرحال یہ بھی ضروری ہے۔

نیز حکیم الامت حضرت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ کے ملفوظات ومواعظ کا مطالعہ بھی اصلاح کے لئے بے حد مفید اور نہایت ضروری ہے، روزانہ باقاعدہ ان کے مطالعہ کا یا کسی سے پڑھوا کر سننے کا معمول بنائیں، اگر کوئی بات سمجھ میں نہ آئے اور کوئی سمجھانے والا بھی نہ ملے تو اس کو چھوڑ کر آگے پڑھیں اور سب سے پہلے ''تسہیل المواعظ'' کا مطالعہ کریں، اس کے بعد جو مواعظ بھی ملیں ان کا مطالعہ

www.sukkurvi.com

کریں، اور ''مجالسِ مفتیٔ اعظم'' کا مطالعہ بھی بے حد نافع اور ضروری ہے جو ادارۃ المعارف دارالعلوم کراچی سے ملتی ہے۔

ہمارے زمانہ میں اصلاحِ خلق کے لئے شیخ الاسلام حضرت مولانا مفتی محمد تقی عثمانی مدظلہم کو حق تعالیٰ نے موفق بنایا ہے، ان کے اصلاحی خطبات سے خلقِ کثیر کو نفع پہنچ رہا ہے، اس لئے ان کے اصلاحی خطبات کا ضرور مطالعہ کریں، ان کے خطبات کے کیسٹ بھی ملتے ہیں، ان کو سنیں، اور ممکن ہو تو براہِ راست ان کی مجلس میں شرکت کریں جو ہر اتوار کو جامع مسجد دارالعلوم کراچی میں عصر کے بعد سے مغرب تک ہوتی ہے جب کہ حضرت والا مدظلہم سفر میں نہ ہوں، حق

www.sukkurvi.com

تعالیٰ حضرت کو صحت و قوت کے ساتھ سلامت رکھیں اور آپ کے علوم و فیوض سے ہم سب کو خوب فیض یاب فرمائیں، آمین۔

www.sukkurvi.com

بالغان کے لئے تفصیلی نصاب

درج ذیل نصاب ان خواتین و حضرات کے لئے ہے جنہیں کچھ زیادہ ہی فرصت اور فراغت میسر ہے، انہیں مستقل مزاجی کے ساتھ اس کا مطالعہ کرنا چاہئے۔

www.sukkurvi.com

۱	تفسیر معارف القرآن	سیدی حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحبؒ
۲	معارف الحدیث	حضرت مولانا منظور احمد نعمانیؒ
۳	بہشتی زیور اور بہشتی گوہر	حکیم الامت حضرت تھانویؒ
۴	اسوۂ رسول اکرم ﷺ	حضرت ڈاکٹر عبدالحی صاحبؒ
۵	مآثرِ حکیم الامت (نیا ایڈیشن)	حضرت ڈاکٹر عبدالحی صاحبؒ

۶	آدابِ زندگی	حکیم الامت حضرت تھانویؒ
۷	اصلاحی نصاب	حکیم الامت حضرت تھانویؒ
۸	تبلیغی نصاب	حضرت مولانا محمد زکریا صاحبؒ
۹	صفائی معاملات	حکیم الامت حضرت تھانویؒ
۱۰	اصلاح الرسوم	حکیم الامت حضرت تھانویؒ
۱۱	مجالسِ مفتیٔ اعظم	سیدی حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحبؒ
۱۲	نشرُ الطیب	حکیم الامت حضرت تھانویؒ
۱۳	شوقِ وطن	حکیم الامت حضرت تھانویؒ
۱۴	سیرۃُ المصطفیٰ مکمل	حضرت مولانا محمد ادریس صاحب کاندھلویؒ
۱۵	تحفہ خواتین	مولانا محمد عاشق الٰہی صاحب مدظلہ
۱۶	تسہیل المواعظ	حکیم الامت حضرت تھانویؒ
۱۷	تاریخِ اسلام	مولانا محمد عاشق صاحب میرٹھیؒ

www.sukkurvi.com

۱۸	تذکرۃ الرشید	مولانا محمد عاشق صاحب میرٹھیؒ
۱۹	تذکرۃ الخلیل	مولانا محمد عاشق صاحب میرٹھیؒ
۲۰	حیات الصحابہ	مولانا محمد یوسف صاحبؒ
۲۱	فضائلِ صدقات	شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد زکریا صاحبؒ
۲۲	اصلاحی خطبات	حضرت مولانا مفتی محمد تقی عثمانی صاحب مدظلہم
۲۳	اصلاحی مجالس	حضرت مولانا مفتی محمد تقی عثمانی صاحب مدظلہم
۲۴	اصلاحی بیانات	احقر عبدالرؤف سکھروی

www.sukkurvi.com

نصاب کے مطالعہ کا طریقہ

مناسب ہوگا کہ اس نصاب کے سلسلہ میں درج ذیل تفصیل کے مطابق چار سبق ساتھ ساتھ شروع کیے جائیں۔

۱ معارف القرآن

۲ بہشتی زیور مع بہشتی گوہر

۳ مواعظ میں سے کوئی وعظ

۴ باقی کتب میں سے کوئی ایک کتاب

ہدایت: مطالعہ روزانہ کریں، خواہ بہت ہی کم ہو۔

www.sukkurvi.com

بالغان کے لئے مختصر نصاب

www.sukkurvi.com

درج ذیل نصاب ان خواتین وحضرات کے لئے ہے جنہیں فرصت کم ہے، وہ بھی نہایت پابندی سے اس کا مطالعہ کریں، ناغہ نہ کریں، اور مطالعہ پوری توجہ سے سمجھ کر کریں، جو مقام سمجھ میں نہ آئے خود اپنی عقل سے اس کا کوئی مطلب ہرگز نہ نکالیں، بلکہ نشان لگا کر رکھ لیں، پھر کسی معتبر عالم سے اس کو سمجھ لیں۔

اگر خود نہ پڑھ سکیں تو کسی سے پڑھوا کر سنیں اور

گھروں میں اس کو جاری کریں۔

ا	بہشتی زیور اور بہشتی گوہر	۵	اصلاح الرسوم
۲	اصلاحی نصاب	۶	تبلیغ دین
۳	تبلیغی نصاب	۷	نشر الطیب
۴	صفائی معاملات	۸	شوقِ وطن

۹:۔...... تحفہ خواتین اور حسنِ معاشرت۔

۱۰:۔...... تسہیل المواعظ کے جتنے وعظ مل سکیں، اگر یہ نہ مل سکیں تو ان کی جگہ اصل مواعظ کا مطالعہ کریں۔

۱۱:۔...... مآثرِ حکیم الامت (نیا ایڈیشن) اس کے بعد ''اصلاح المسلمین''۔

www.sukkurvi.com

نوٹ:۔ اس نصاب کے مطالعہ کا طریقہ بھی اُسی طرح ہے جیسا کہ بالغان کے لئے تفصیلی نصاب میں لکھا گیا ہے، اور جو ہدایت وہاں کی گئی ہے، وہ یہاں بھی لازم ہے، البتہ اپنی آسانی کے پیش نظر اسباق کم وبیش رکھے جا سکتے ہیں۔

www.sukkurvi.com

بچوں اور بچیوں کا آسان نصاب

ذیل میں جو نصاب لکھا جارہا ہے وہ چھوٹے بچوں اور بچیوں کے لئے ہے اور ہر اس شخص کے لئے جو دین کی بالکل ابتدائی تعلیم حاصل کرنا چاہتا ہے۔

www.sukkurvi.com

۱	تعلیم الاسلام مکمل	حضرت مولانا کفایت اللہ صاحبؒ
۲	سیرت خاتم الانبیاء	سیدی حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحبؒ
۳	رسول عربی	سید فرید الوحید مدنی
۴	خلفائے راشدین	مولانا عبدالشکور لکھنویؒ

۵	آسان نماز و	مولانا محمد عاشق الٰہیؒ
	کامل طریقۂ نماز	واحقر عبدالرؤف سکھروی
٦	وضو درست کیجئے	احقر عبدالرؤف سکھروی
۷	مسائلِ غسل	احقر عبدالرؤف سکھروی
۸	روزہ کے فضائل ومسائل	احقر عبدالرؤف سکھروی
۹	اسلامی آداب	مولانا محمد عاشق الٰہی صاحب

www.sukkurvi.com

ہدایت:۔ بچوں کو دو کتابوں کا مطالعہ کرایا جائے یا کسی جاننے والے سے پڑھوایا جائے اور اس نصاب کے

بعد نصاب نمبر۲، پھر نصاب نمبر۱ پڑھایا جائے۔

وصلی اللہ تعالیٰ علی النبی الکریم
محمد و آلہ و اصحابہ اجمعین

بندہ عبدالرؤف سکھروی عفا اللہ عنہ
۲۰ / ربیع الثانی ۱۴۱۶ھ
یوم السبت

www.sukkurvi.com

حضرت مولانا مفتی عبدالرؤف سکھروی دامت برکاتہم العالیہ

کی پراثر مفید اور نایاب کتب جو ہر گھر کے لئے نہایت نافع اور ضروری ہیں، عمدہ ٹائٹل، اعلیٰ طباعت و کتابت اور بہترین کاغذ کے ساتھ اب مکتبۃ الاسلام کراچی سے براہِ راست دستیاب ہیں

- جمعہ کے معمولات
- عمل مختصر اور ثواب زیادہ
- دعائے عرفات
- دو سورتوں کے فضائل (سورۂ ملک اور سورۂ یٰسین)
- درود و سلام کا حسین مجموعہ
- عمرہ کا آسان طریقہ
- حج و عمرہ
- حج کا طریقہ قدم بہ قدم
- خواتین کا حج
- اسماء اعظم اور اسماء حسنیٰ

مکتبۃ الاسلام کراچی

www.sufikurvi.com